از دفتر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، بھکر — درخواستیں مطلوب ہیں

دفتر ہذا میں درج ذیل آسامیاں خالی ہیں جن کے تقرر کے لیے مندرجہ ذیل قابلیت کے حامل افراد سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی معہ سکیل	ڈومیسائل	کل تعداد	تعلیمی قابلیت	عمر کی حد
1	کمپیوٹر آپریٹر (BPS-15) تحصیل / کوٹہ اوپن میرٹ 09 خواتین کوٹہ 02 اقلیتی کوٹہ 01	پنجاب	12	Graduation [B.A + 04 months training in computer language/ BCS (2nd division)] with at least 45 WPM typing speed on computer keyboard, well versed in operating system installation/ repair, M.S Office(complete) and basic of computer hardware (candidates having experience in the relevant field shall be preferred)	20 تا 28 سال
2	کمپیوٹر ہارڈویئر ٹیکنیشن (BPS-11)	بھکر	03	(i) Intermediate (F.A/ FSC/ ICS), 01 year Computer Hardware diploma from a recognized institution. (ii) Preferably 01-year experience in the relevant field in a well-known organization. (the most experienced persons will be preferred)	18 تا 25 سال
3	جونیئر کلرک (BPS-11) تحصیل / کوٹہ اوپن میرٹ 09 خواتین کوٹہ 03 20% ملازمین کوٹہ (11-01) 04 ملازمین کوٹہ ... 02 ... 01 معذور کوٹہ 01	بھکر	20	(i) Higher Secondary School Certificate (second division) from a recognized board. (ii) A speed of 25 WPM of typing on computer in English and (iii) Proficient in Microsoft Office or any other compatible office application and he shall demonstrate such proficiency.	18 تا 25 سال
4	چوکیدار / سیکیورٹی گارڈ (BPS-03)	بھکر	02	Literate, healthy preferably a retired army Serviceman.	25 تا 45 سال
5	جاروب کش / سویپر (BPS-03)	بھکر	03	Literate having knowledge of the job.	18 تا 25 سال

ضروری ہدایات:

1. جملہ بھرتیاں سول سیشن کورٹس اسٹیبلشمنٹ سروس رولز 2005 اور گورنمنٹ آف پنجاب بھرتی پالیسی 2004 ترمیم شدہ 2016 کے تحت ہوں گی۔
2. تمام آسامیوں کے لیے درخواست فارم آفیشل ویب سائٹ http://bhakkar.dc.lhc.gov.pk پر دستیاب ہیں۔ صرف مجوزہ فارم پر ہی درخواستیں قابل قبول ہوں گی اور سادہ کاغذ پر دی جانے والی نامکمل اور نامناسب اندراج یا خلاف شرائط درخواستیں قابل قبول نہ ہوں گی اور خارج تصور ہوں گی۔
3. درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ **29-03-2021** ہے۔ بعد میں موصول ہونے والی اور نامکمل درخواستوں پر کارروائی عمل میں نہ لائی جائے گی اور کوٹہ جات میں دی جانے والی درخواستوں میں واضح طور پر تحریر کریں کہ درخواست دہندہ کس کوٹہ کے تحت درخواست دے رہا ہے۔ اگر کوئی امیدوار مختلف کوٹہ پر اپلائی کرنا چاہتا ہے تو ہر کوٹہ کے لیے الگ الگ درخواست دینا ہوگی۔
4. درخواستیں دفتر ہذا میں دستی یا بذریعہ ڈاک وصول کی جائیں گی۔ کوئی بھی درخواست بذریعہ فیکس یا ای میل یا واٹس ایپ وصول نہ کی جائے گی۔ دفتری اوقات کے بعد درخواستیں وصول نہ کی جائیں گی۔ امیدوار لفافے کے اوپر واضح طور پر تحریر کریں کہ وہ کون سی آسامی کے لیے درخواست دے رہا ہے۔ **تمام درخواستیں دفتر جناب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بھکر کے پتہ پر ارسال کریں۔**
5. درخواست دہندہ اپنی درخواست میں واضح طور پر تحریر کرے کہ آیا اس کا کوئی رشتہ دار سول سیشن کورٹس بھکر میں ملازم ہے یا نہیں۔ اگر کسی امیدوار کا کوئی رشتہ دار اس سے قبل سول سیشن کورٹس بھکر میں ملازم ہو تو درخواست دہندہ اس ضمن میں بیان حلفی جس میں رشتہ دار کا نام اور عہدہ تحریر ہو بھی درخواست کے ہمراہ منسلک کرے۔
6. آسامی جونیئر کلرک میں 20% آسامیاں سکیل نمبر 01 تا 11 سکیل کے حاضر سروس اور ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کے لیے مختص ہیں جس کے لیے امیدوار کو اپنے والد کے سروس کا ثبوت / ریکارڈ درخواست کے ہمراہ منسلک کرنا ہوگا اور درخواست کے عنوان / موضوع میں واضح طور پر تحریر کرنا ہوگا کہ اس نے 20% کوٹہ کے تحت ملازمت کی درخواست گزاری ہے۔ نیز والد کی طرف سے بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر دینا ہوگا کہ ان کے کسی بچے نے قبل ازیں 20% ملازمین کے بچوں کے کوٹہ کا فائدہ نہ اٹھایا ہے۔ اگر والد حیات نہ ہو تو والدہ کی طرف سے بیان حلفی دیا جائے گا۔
7. آسامی جونیئر کلرک میں سے 20% کوٹہ محکمہ ہذا کے ملازمین جو درجہ چہارم میں کام کر رہے ہیں ان کے لیے مختص ہے جن کی تقرری بذریعہ پروموشن ہوگی۔
8. آسامی کمپیوٹر آپریٹر کے لیے معذور افراد کے کوٹہ میں درخواست دینے والے امیدواران اپنی درخواست کے ہمراہ معذوری کا سرٹیفکیٹ بھی منسلک کریں گے۔
9. کوٹہ جات کے معیار پر پورا نہ اترنے والی آسامیاں اوپن میرٹ کے تحت پر کی جائیں گی۔
10. عمر کی بالائی حد میں عمومی رعایت نہیں دی جائے گی بلکہ یہ رعایت گورنمنٹ آف پنجاب اور لاہور ہائی کورٹ لاہور کی پالیسی کے مطابق ہوگی جن کی مزید معمولی حالات جو کہ ان کے اختیار سے باہر ہوں کی بنیاد پر مقررہ حد سے زائد ہو دی جا سکتی ہے۔ وہ اس شرط پر کہ امیدواران حالات کا تذکرہ ملازم کے ساتھ منسلک درخواست میں کریں جو اس سلسلہ میں حتمی فیصلہ کرنے کا مجاز ہوگا۔ نیز امیدواران کے لیے عمر کا تعین مورخہ **29-03-2021** تک کیا جائے گا۔
11. افسر مجاز کو اختیار ہوگا کہ وہ مشتہرہ آسامیوں کو کم یا زیادہ کر سکتی ہے۔ مجاز افسر کو اختیار ہوگا کہ تمام یا کوئی انتخاب کو رد کرے۔ مجاز افسر کو اختیار ہوگا کہ وہ بغیر کوئی وجہ بتائے کسی ایک یا ایک سے زیادہ یا تمام آسامیوں پر بھرتی منسوخ کرے۔

قواعد و ضوابط:

1. سرکاری و نیم سرکاری اداروں سے درخواستیں دینے کے خواہشمند ملازمین معرفت اپنے محکمے کے توسط سے معہ NOC درخواست ارسال کریں۔
2. درخواست فارم کے ہمراہ مصدقہ شدہ 01 عدد پاسپورٹ سائز تصویر، نقول تعلیمی اسناد، تجربہ، ڈومیسائل و کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (ID) کی مصدقہ کاپی منسلک کرنا لازم ہے۔ (ٹیسٹ / انٹرویو کے وقت تمام اصل دستاویزات ہمراہ لائیں گے۔ علاوہ ازیں تعلیمی معیار پر پورا نہ اترنے والی اور نامکمل درخواستیں مسترد کر دی جائیں گی۔)
3. تحریری امتحان کے لیے تمام امیدواران کاغذ، پنسل، کلپ بورڈ اور اصل شناختی کارڈ ہمراہ لائیں بصورت دیگر ٹیسٹ میں بیٹھنے کی اجازت نہ ہوگی۔ موبائل فون / الیکٹرانک آلات دوران ٹیسٹ ساتھ لانے کی اجازت نہ ہوگی۔ ٹیسٹ / انٹرویو کے لیے آنے والے امیدواران کو کوئی TA/DA ادا نہیں کیا جائے گا۔ مزید کسی بھی معلومات کے لیے ڈسٹرکٹ کورٹس بھکر کی ویب سائٹ http://bhakkar.dc.lhc.gov.pk ملاحظہ کریں۔
4. امیدواران کے لیے لازم ہے کہ فارم میں اپنے ایکٹو موبائل فون نمبر جس پر SMS اور Whatsapp کی سروس ہو ضرور تحریر کریں۔
5. تمام امیدواران گورنمنٹ آف پاکستان اور لاہور ہائی کورٹ لاہور کی ہدایات کے مطابق COVID-19 کے SOP's پر سختی سے عمل درآمد کریں گے۔
6. درخواستوں کی جانچ پڑتال کے بعد ٹیسٹ / انٹرویو کے لیے اہل امیدواران کی فہرستیں بمعہ تاریخ اور وقت دفتر ہذا کے نوٹس بورڈ / آفیشل ویب سائٹ (http://bhakkar.dc.lhc.gov.pk) پر آویزاں کر دی جائیں گی اور اس کے لیے علیحدہ سے مطلع نہیں کیا جائے گا۔

(ملک مشتاق الٰہی ہنجرا)
ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، بھکر
09-03-2021

(IPL-2364)